سوال

کیا کسی غیر مسلم کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ مکمل طہارت حاصل کیے اور قرآن مجید چھوئے بغیر پڑھ لے ، جس طرح کہ مسلمان کر سکتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ

قرآن مجید کو صرف طاہر اور پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں ، اور اللہ سبحانہ وتعالی کا ارشاد ہے :

بیشک مشرک لوگ نجس ہیں تو اس بنا پر کس بھی کافر چاہے ہو یھودی یا عیسائی اور یا پھر ھندو اور بدھ مت وغیرہ ہی کیوں نہ ہو کو قرآن مجید چھونے نہیں دینا چاہیے ۔

لیکن یہ جائز ہے کہ وہ ریڈیو یا پھر کیسٹ سے قرآن مجید سن لے اور جیسا کہ اس کے لیے یہ بھی جائز ہے کہ وہ قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر پڑھ لے جو کہ مختلف زبانوں میں پائے جاتے ہیں ۔